AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

Series No 30

# المنظومة البيقونية

# Manzooma Baiqooniyyah

امام عمر (اوطہ) بن محمد بن فتوح بیقونی رحمہ اللہ


باشراف واعداد بزبانِ اردو ورومن : شیخ ارشد بشیر عمری مدنی

**Shaikh Arshad Basheer Umari Madani**

Hafiz, Aalim, Faazil (Madina University, KSA) MBA. Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean The ABM School, Hyd.

# متن المنظومة البيقونية

## Matan Manzooma Baiquniyyah

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

مؤلف

امام عمر (اوطہ) بن محمد بن فتوح بیقونی رحمہ اللہ

اِشراف واعداد بزبانِ اردو ورومن:

شیخ ارشد بشیر عمری مدنی حفظہ اللہ

**Shaikh Arshad Basheer Umari Madani**
Hafiz, Aalim, Faazil (Madina University, KSA) MBA.
Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean The ABM School, Hyd.

# عن الکتاب

نام کتاب: متن منظومہ بیقونیہ

مؤلف: امام عمر (اوطہ) بن محمد بن فتوح بیقونی رحمہ اللہ

اعداد و اشراف: شیخ ارشد بشیر عمری مدنی حفظہ اللہ

اردو ترجمہ: عبد الواسع عمری حفظہ اللہ

رومن: شیخ عبد اللہ عمری حفظہ اللہ

کل صفحات: 13

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# متن المنظومة البيقونية

1. أَبْدَأُ بِالْحَمْدِ مُصَلِّياً عَلَى    مُحَمَّدٍ خَيرِ نَبِيٍّ أُرْسِلاَ
2. وَذِي مِنْ أَقْسَامِ الْحَدِيثِ عِدَّه    وَكُلُّ وَاحِدٍ أَتَى وَحَدَّه
3. أَوَّلُهَا الصَّحِيحُ وَهُوَ مَا اتَّصَلْ    إِسْنَادُهُ وَلَمْ يَشُذَّ أَوْ يُعَلّ
4. يَرْوِيهِ عَدْلٌ ضَابِطٌ عَنْ مِثْلِهِ    مُعْتَمَدٌ فِي ضَبْطِهِ وَنَقْلِهِ
5. وَالْحَسَنُ الْمَعْرُوفُ طُرْقاً وَغَدَتْ    رِجَالُهُ لاَ كَالصَّحِيحِ اشْتَهَرَتْ
6. وَكُلُّ مَا عَنْ رُتْبَةِ الْحُسْنِ قَصُرْ    فَهُوَ الضَّعِيفُ وَهُوَ أَقْسَاماً كَثُرْ
7. وَمَا أُضِيفَ لِلنَّبِي الْمَرْفُوعُ    وَمَا لِتَابِعٍ هُوَ الْمَقْطُوعُ
8. وَالْمُسْنَدُ الْمُتَّصِلُ الإِسْنَادِ مِنْ    رَاوِيهِ حَتَّى الْمُصْطَفَى وَلَمْ يَبِنْ
9. وَمَا بِسَمْعِ كُلِّ رَاوٍ يَتَّصِلْ    إِسْنَادُهُ لِلْمُصْطَفَى فَالْمُتَّصِلْ
10. مُسَلْسَلٌ قُلْ مَا عَلَى وَصْفٍ أَتَى    مِثْلُ أَمَا وَاللهِ أَنْبَانِي الْفَتَى
11. كَذَاكَ قَدْ حَدَّثَنِيهِ قَاٰئِماَ    أَوْ بَعْدَ أَنْ حَدَّثَنِي تَبَسَّماَ
12. عَزِيزُ مَرْوِي اثْنَينِ أَوْ ثَلاَثَهْ    مَشْهُورُ مَرْوِي فَوقَ مَا ثَلاَثَهْ
13. مُعَنْعَنٌ كَعَنْ سَعِيدٍ عَنْ كَرَمْ    وَمُبْهَمٌ مَا فِيهِ رَاوٍ لَمْ يُسَمّ
14. وَكُلُّ مَا قَلَّتْ رِجَالُهُ عَلاَ    وَضِدُّهُ ذَاكَ الَّذِي قَدْ نَزَلاَ
15. وَمَا أَضَفْتَهُ إِلَى الأَصْحَابِ مِنْ    قَولٍ وَفِعْلٍ فَهُوَ مَوْقُوفٌ زُكِنْ
16. وَمُرْسَلٌ مِنْهُ الصَّحَابِيُّ سَقَطْ    وَقُلْ غَرِيبٌ مَا رَوَى رَاوٍ فَقَطْ
17. وَكُلُّ مَا لَمْ يَتَّصِلْ بِحَالِ    إِسْنَادُهُ مُنْقَطِعُ الأَوْصَالِ
18. وَالْمُعْضَلُ السَّاقِطُ مِنْهُ اثْنَانِ    وَمَا أَتَى مُدَلِّساً نَوْعَانِ
19. الأَوَّلُ الإِسْقَاطُ لِلشَّيْخِ وَأَنْ    يَنْقُلَ عَمَّنْ فَوقَهُ بِعَنْ وَأَنْ
20. وَالثَّانِي لاَ يُسْقِطُهُ لَكِنْ يَصِفْ    أَوْصَافَهُ بِمَا بِهِ لاَ يَنْعَرِفْ
21. وَمَا يُخَالِفْ ثِقَةٌ بِهِ الْمَلاَ    فَالشَّاذُّ وَالْمَقْلُوبُ قِسمَانِ تَلاَ
22. إِبْدَالُ رَاوٍ مَا بِرَاوٍ قِسْمُ    وَقَلْبُ إِسْنَادٍ لِمَتْنٍ قِسْمُ

23. وَالْفَرْدُ مَا قَيَّدْتَهُ بِثِقَةِ    أَوْ جَمْعٍ أَوْ قَصْرٍ عَلَى رِوَايَةِ

24. وَمَا بِعِلَّةٍ غُمُوضٌ أَوْ خَفَا    مُعَلَّلٌ عِنْدَهُمْ قَدْ عُرِفَا

25. وَذُو اخْتِلاَفِ سَنَدٍ أَوْ مَتْنِ    مُضْطَرِبٌ عِنْدَ أُهَيلِ الْفَنِّ

26. وَالْمُدْرَجَاتُ فِي الْحَدِيثِ مَا أَتَتْ    مِنْ بَعْضِ أَلْفَاظِ الرُوَاةِ اتَّصَلَتْ

27. وَمَا رَوَى كُلُّ قَرِينٍ عَنْ أَخِهْ    مُدَبَّجٌ فَاعْرِفْهُ حَقاًّ وَانْتَخِهْ

28. مُتَّفِقٌ لَفْظاً وَخطاًّ مُتَّفِقْ    وَضِدُّهُ فِيمَا ذَكَرْنَا الْمُفْتَرِقْ

29. مُؤْتَلِفٌ مُتَّفِقُ الْخَطِّ فَقَطْ    وَضِدُّهُ مُخْتَلِفٌ فَاخْشَ الْغَلَطْ

30. وَالْمُنْكَرُ الْفَرْدُ بِهِ رَاوٍ غَدَا    تَعْدِيلُهُ لاَ يَحْمِلُ التَّفَرُّدَا

31. مَتْرُوكُهُ مَا وَاحِدٌ بِهِ انْفَرَدْ    وَأَجْمَعُواْ لِضَعْفِهِ فَهُوَ كَرَدّ

32. وَالْكَذِبُ الْمُخْتَلَقُ الْمَصْنُوعُ    عَلَى النَّبِي فَذَلِكَ الْمَوْضُوعُ

33. وَقَدْ أَتَتْ كَالْجَوْهَرِ الْمَكْنُونِ    سَمَّيْتُهَا مَنْظُومَةَ الْبَيْقُونِي

34. فَوْقَ الثَّلاَثِينَ بِأَرْبَعٍ أَتَتْ    أَقْسَامُهَا تَمَّتْ بِخَيْرٍ خُتِمَتْ

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

1۔اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء اور ہمارے ہاں مبعوث کئے گئے سب سے بہترین نبی محمد ﷺ پر درود وسلام سے میں اپنے (مصطلح الحدیث کے منظوم) کلام کا آغاز کرتا ہوں۔

2۔اور (حدیث کی آنے والی اقسام) حدیث کی قسمیں متعدد ہیں ہر قسم کی تفصیلات اور ان کی تعریفات کا ذکر کیا جائے گا۔

3۔ان اقسام میں حدیث کی (اس نظم کی) سب سے پہلی قسم " صحیح " ہے، وہ حدیث جس کی سند متصل ہو اور اس میں کوئی شذوذ (مثلاً ثقہ راوی کا اوثق کی مخالفت کرنا) اور علت (بہت چھپی ہوئی علت، جس کو صرف متخصص محدثین ہی سمجھ پاتے ہیں) نہ ہو۔

4۔جس روایت کو عادل (فسق وفجور سے محفوظ اور تمام انسانی مروءت سے متعلق خصوصیات کا حامل) اور ضابط (اپنی مرویات کو محفوظ حفظ کے ساتھ نقل کرنے والا) اپنے ہی جیسے راوی سے روایت کرے، جس کے ضبط اور نقل پر اعتماد کیا جاتا ہو۔

5۔(حدیث کی دوسری قسم " حسن ") وہ ہے جس کی تمام اسانید معروف ہوں اور جس کے راوی، حدیث صحیح کی طرح (حافظہ میں خفیف ہوں تاہم صحیح کی مابقی تمام شرائط موجود ہوں) مشہور نہ ہوں۔

6۔( حدیث کی تیسری قسم "ضعیف" ) ہر وہ حدیث جو حسن کے مرتبہ سے کم ہو (یعنی اس میں صحیح اور حسن شروط نہ ہوں) تو وہ ضعیف ہوگی اور اس کی بہت سی اقسام ہیں۔

7۔( حدیث کی چوتھی قسم "مرفوع") وہ حدیث جس کی نسبت نبی ﷺ کی جانب کی جائے تو مرفوع ہے اور (حدیث کی پانچویں قسم "مقطوع") وہ جس کی نسبت تابعی کی جانب کی جائے تو وہ مقطوع ہے۔

8۔(حدیث کی چھٹی قسم "مسند") اور حدیث مسند (یعنی جس کی سند کا ہر راوی اپنے شیخ سے اسناد کرے، اس کو حدیث مسند کہیں گے) اس حدیث کو کہیں گے جس کی سند اس کے راوی (یعنی ابتداء سند سے) سے نبی مصطفیٰ ﷺ تک بلا فصل (انقطاع یا تدلیس وغیرہ نہ ہو) متصل ہو۔

9۔( حدیث کی ساتویں قسم "متصل") ہر راوی کے سماع کے ساتھ حدیث کی سند محمد مصطفیٰ ﷺ تک متصل ہو تو وہ متصل ہوگی۔

10۔(حدیث کی آٹھویں قسم " مبہم ") حدیث کی اس قسم کو کہیں گے جو کسی مخصوص صفت (یا حالت) کے ساتھ مروی ہو جیسے یوں روایت کرے "سنو، اللہ کی قسم مجھ کو فلاں نوجوان نے یہ خبر دی"۔



ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

11۔اسی طرح یوں کہے "مجھ سے یہ حدیث کھڑے ہو کر بیان کی یا مجھ سے حدیث بیان کرنے کے بعد مسکرایا۔

12۔( حدیث کی نویں قسم "عزیز")(جہت طرق کے اعتبار سے،نہ کہ صحت، حسن اور ضعف کے لحاظ سے بحث)وہ حدیث جس کو دو یا تین راوی(تین کے سلسلہ میں ناظم کا تفرد ہے کیونکہ ماقبل کسی نے دو سے زائد کی شرط نہیں رکھی)(دو یا تین سے منتہائے سند تک )روایت کریں اور (حدیث کی دسویں قسم "مشہور" ) جس کو تین سے زائد راوی(یعنی ناظم کے نزدیک چار یا چار سے زائد راوی کا وجود، مشہور کی تعریف میں داخل ہیں بلکہ ہم کہیں گے کہ تین یا اس سے زائد راوی، مشہور میں داخل ہیں ) روایت کریں۔

13۔(عن فلان یا حدثنی فلان عن فلان، یا ان یا قال کے صیغوں اور الفاظ سے روایت کی جانے والی حدیث کی گیارہویں قسم " معنعن ")(عنعنہ کرنے والے راوی کے اعتبار سے اتصال اور انقطاع کا حکم لگایا جائے گا، کیونکہ کبھی ثقہ راوی بھی عدل اور ضبط کے ساتھ مدلس ہوتا ہے،اس کے باوجود اس کی روایت لی جاتی ہے اور ایسی صورت میں عن، سمعت و حدثنا کے قائم مقام ہو جائے گا تاہم یہی اعلی درجہ کے الفاظ کی حیثیت رکھتے ہیں )ہے جیسے سعید کی کرم سے عن کے ذریعہ روایت اور (حدیث کی بارہویں قسم "مبہم ")اس کو کہا جائے گا جس میں کسی راوی کا نام ذکر نہ گیا ہو۔

14۔(یہاں سے سلسلہ رواۃ کے اعتبار سے حدیث کی تیرہویں قسم "عالی" اور چودھویں قسم "نازل")ہر وہ حدیث جس کے راویوں کی تعداد (اول سند یعنی امام سے شروع ہونے والا علو'علو نسبی ہو گا) کم ہو تو وہ سند عالی (نبی ﷺ کے اعتبار سے علو مطلق ) ہو گی اور اس کے برعکس یعنی جس کے راویوں کی تعداد زیادہ ہو تو وہ سند مرتبہ میں کم ہو گی۔

15۔( حدیث کی پندرہویں قسم " موقوف ")اور جس قول اور فعل کی نسبت صحابہ کرام کی جانب ہو تو وہ حدیث موقوف(یعنی اسناد کو صحابی تک موقوف کرنا)ہو گی۔

16۔( حدیث کی سولہویں قسم "مرسل" )جس میں صحابی رسول ﷺ کا نام (آخر سند سے )ساقط ہو اور (حدیث کی سترہویں قسم "غریب")وہ ہے جس کو محض ایک ہی راوی روایت کرے۔

17۔( حدیث کی اٹھارہویں قسم "منقطع")وہ ہے جس کی سند کسی بھی حالت میں متصل نہ ہو تو وہ تمام زاویوں (یعنی پے در پے کے بجائے سند کے وسط کی متعدد جگہوں سے جیسے سند کا دوسرا اور چوتھا راوی ساقط ہو) سے منقطع ہو گی۔

18۔( حدیث کی انیسویں قسم "معضل")وہ ہے جس سے دو راوی (مسلسل نہ کہ تفریق کے ساتھ)ساقط ہوں اور (حدیث کی بیسویں قسم "مدلس") تدلیس کرنے والا دو طرح سے تدلیس کرتا ہے:

19۔ پہلی صورت (تدلیس تسویہ) یہ ہوتی ہے کہ وہ اپنے شیخ کو ساقط کر دیتا ہے اور شیخ کے اوپر والے روایوں سے (ایسے الفاظ سے ذکر کرے جن کے ظاہر سے اتصال معلوم ہو) لفظ "عن" اور "ان" سے روایت کرتا ہے۔

20۔ اور دوسری صورت (تدلیس الشیوخ) یہ ہوتی ہے کہ وہ شیخ کو ساقط نہیں کرتا لیکن اس کو ایسی صفات سے ذکر کرتا ہے جو معروف نہیں ہوتیں۔

21۔ اور (حدیث کی اکیسویں قسم "شاذ") وہ حدیث جس میں ثقہ راوی ایک بڑی جماعت کی مخالفت کرے تو وہ شاذ ہو گی اور (حدیث کی بائیسویں قسم "مقلوب") مقلوب کی دو قسمیں ہیں

22۔ پہلی قسم میں ایک راوی کو دوسرے راوی سے بدل دیا جائے اور دوسری قسم میں ایک متن کی سند کو دوسرے متن سے بدل دیا جائے۔

23۔ (حدیث کی تیئیسویں قسم "فرد") جس کو ثقہ (یعنی جس کو صرف ایک ہی ثقہ راوی روایت کرے) یا جمع (کوئی شہر والے، قبیلہ یا ان جیسی ایک بڑی جماعت جیسے شامیین، کوفیین وغیرہ سے صرف ایک ہی فرد روایت کرے، اس کو فرد نسبی کہا جاتا ہے یعنی اس کی غرابت نسبی ہوتی ہے جو صحت سے قریب ہوتی ہے اور مکمل غرابت ہو تو لفظ "غریب" مستعمل ہوتا ہے) یا کسی روایت (اس روایت کو فلاں سے صرف ایک ہی شخص نے روایت کیا) پر محدود و مقید کیا جائے (ان تینوں اقسام کو فرد نسبی کہا جاتا ہے)۔

24۔ (حدیث کی چوبیسویں قسم "معلل / معل / معلول") جس حدیث کی علت بہت پیچیدہ یا مخفی ہو تو وہ محدثین کے نزدیک معروف (جس کی تعریف محدثین نے بیان کر دی) ہے۔

25۔ (حدیث کی پچیسویں قسم "مضطرب") سند (جیسے بعض متصل روایت کریں اور بعض منقطع) یا متن (جیسے بعض مرفوع روایت کریں اور بعض موقوف) کا اختلاف رکھنے والی (جس میں جمع یا ترجیح کا امکان نہ ہو اور اگر جمع اور ترجیح کا امکان ہو تو وہ حدیث مضطرب نہ ہو گی) حدیث کو اہل فن کے نزدیک "مضطرب" کہا جاتا ہے۔

26۔ (حدیث کی چھبیسویں قسم "مدرج") اور بعض راویوں کی جانب سے (حدیث کی کسی کلمہ کی تفسیر یا کچھ اور اسباب کی بناء پر) حدیث کے اصل متن (اول یا وسط یا آخر میں وضاحت وبیان کے بغیر) میں اتصال کی حالت میں درج کئے جانے والے اضافی الفاظ پر مشتمل حدیث کو "مدرج" کہتے ہیں۔

27۔ (حدیث کی ستائیسویں قسم "مدبج") اور جس حدیث کو ہر قرین (قرین کے وصف لانا، عمر میں ایک دوسرے سے مساوی ہونے یا ایک ہی شیخ سے روایت کرنے میں شریک ہونے کے اعتبار سے ورنہ روایۃ الاصاغر عن الاکابر اور اس کا عکس یا روایۃ الشیخ

عن التلمیذ، روایۃ الآباء عن الابناء، روایۃ الزوجۃ عن الزوج، اس قبیل سے نہیں) اپنے قرین بھائی سے (ایک یا ایک سے زائد احادیث) روایت کرے تو اس کو مدبج کہیں گے، چنانچہ اس کو اچھی طرح جان لو اور اس کو باعث فخر سمجھو (کیونکہ اس میں ایک بھائی اپنے دوسرے بھائی کے ساتھ احسان، تعاون اور اخلاقی مظاہرہ کرتا ہے)

(روایۃ الاقران، اس حدیث کو کہیں گے جس میں اقران میں سے ایک ہی دوسرے سے روایت کرے اور دوسرا اس سے روایت نہ کرے، اس لئے ہر روایۃ اقران مدبج نہ ہو گی، ہاں ہر مدبج، روایۃ الاقران ہو سکتی ہے)۔

28۔(حدیث کی اٹھائیسویں قسم "متفق و مفترق") رواۃ احادیث کے نام لفظ اور تحریر میں متفق ہوتے ہیں تاہم ہمارے ذکر کردہ کلام میں اس کے برعکس ان راویوں کی شخصیات و ذات علحدہ ہوتی ہیں۔(اس قسم کا تعلق رواۃ سے ہے جن کے نام تو ایک جیسے ہوتے ہیں لیکن ان کی ذاتیں اور شخصیات علحدہ)۔

29۔(حدیث کی انتیسویں قسم "مؤتلف و مختلف") حدیث کے راویوں کے نام محض تحریر و کتابت میں متفق ہوں تاہم وہ (نطق وغیرہ میں) بہت زیادہ مختلف ہوں۔

30۔(حدیث کی تیسویں قسم "منکر") وہ حدیث جس کو ایک ہی راوی روایت کرے تاہم اس کو عادل قرار دینے سے اس کا تفرد قابل قبول نہ ہو گا۔

31۔(حدیث کی اکتیسویں قسم "متروک") وہ جس اپنی وایت میں منفرد و تنہا ہو اور جس راوی کے ضعیف ہونے پر تمام محدثین کا اجماع ہے، لہذا وہ مردود (کردمیں کاف معنی کے اعتبار سے زائد ہے) ہے۔

32۔(حدیث کی بتیسویں قسم "موضوع") وہ حدیث جو نبی ﷺ کے نام پر گھڑی اور تیار کی جائے تو وہ موضوع ہے۔

33۔یہ نظم (سورج، ہوا اور غبار جیسی چیزوں سے) محفوظ جواہر کی طرح تیار ہوئی ہے میں نے اس کو "بیقونی کا منظوم کلام کا نام دیا ہے۔(یعنی اپنی جانب منسوب کیا کیونکہ ان کا نام عمر بن محمد بن فتوح البیقونی الدمشقی الشافعی تھا)

34۔اس نظم میں جملہ چونتیس اقسام حدیث کو ذکر کیا گیا ہے جو خیر و خوبی کے ساتھ پائے تکمیل کو پہنچا۔

# Manzooma Baiquniyyah

1. Allaah ki hamd o sana aur hamare haa mab'oos kiye gae sab se bahtareen nabi Muhammad saw. Par durood o salaam se mai apne (mustalahul hades ke manzoom) kalaam ka aaghaaz karta hu.
2. (aur hades ki aane waali aqsaam) hadees ki muta'addad qismein hain har qism ki tafsilaat aur unki ta'rifaat ka zikr kiya jaaega.
3. In aqsaam mey hadees ki (is nazm ki) sab se pahli qism SAHEEH hai, wo hadees jiski sanad muttasil ho aur us mey koi shuzooz (masalan siqah rawi ka ausaq ki mukhalafat karna) aur illat (bohat chupi huwi illat jisko sirf mutakhassis muhaddiseen hi samajh paate hain) na ho.
4. Jis riwayat ko aadil (fisq o fujoor se mahfooz aur tamaam insaani muruat se mutaliq khususiyaat ka hamil) aur zaabit (apni marwiyaat ko mahfooz hifz ke saath naql karne waala) apne hi jaise raawi se riwayat kare, jis ke zabt aur naql par etimaat kiya jaata ho.
5. (hadees ki doosri qism HASAN) wo hai jiski tamaam asaneed ma'roof ho aur jis ke raawi hadees e saheeh ki tarah mash-hoor no ho (hafize me khafeef ho taaham saheeh ki maabaqi tamaam sharaet maujood ho)
6. (hadees ki teesri qism ZAEEF) har wo hadees jo hasan ke martabe se kam ho (yani is mey saheeh aur hasan ke shuroot na ho) to wo zaeef hogi aur iski bohat si aqsaam hai.
7. Hadees ki chauthi qism MARFOO' wo hadees hai jiski nisbat nabi saw. ki jaanib ki jaae to wo marfoo' hai aur hadees ki paanchwi qism MAQTOO' wo hai jiski nisbat taba'ee ki jaanib ki jaae.
8. Hadees ki chati qism MUSNAD aur hadees musnad (yani jis ki sanad ka har raawi apne shaikh se isnaad kare, isko hadees musnad kahenge) is hadees ko kahenge jiski sanad

AskIslamPedia Gateway for Islamic Information Free Online Islamic Encyclopedia

uske raawi (yani ibtida se) nabi saw. tak bila fasl (inqitaa ya tadlees waghaira na ho) muttasil ho.

9. Hadees ki saatwi qism MUTTASIL har raawi ke simaa' ke saath hadees ki sanad Muhammad saw. tak muttasil ho to wo muttasil hogi.
10. Hadees ki aathwi qism MUBHAM , hadees ki us qism ko kahenge jo kisi makhsoos sifat ya haalat ke saath marwi ho jaisi yu riwayat kare "suno, Allaah ki qasam mujh ko fulaan naujawaan ne ye khabar di.
11. Isi tarah yu kahe "mujh se ye hadees khade hokar bayan ki ya mujh se hadees bayan karne ke baad muskuraaya.
12. Hadees ki nawi qism AZEEZ (jihat e turq ke etibaar se na ke sehat, husn aur zo'f ke lihaaz se) wo hadees jisko 2 ya 3 raawi (teen ke silsile me naazim ka tafarrud hai kyunke maaqabal kisi ne 2 se zaed ki shart nahi rakhi) 2 ya 3 se muntahaae sanad tak riwayat karey aur hadees ki daswi qism MASH-HOOR jisko 3 se zaed raawi (yani nazim ky nazdeek 4 ya 4 se zyada raawi ka wujood mash-hoor ki ta'reef mey daakhil hai balke ham kahenge ke 3 ya is se zaed raawi mash-hoor mey daakhil hai) riwayat karey.
13. (an fulaan ya haddasani fulaan an fulaan, ya an ya qaal ke segho aur alfaaz se riwayat ki jaane waali hadees ki gyarwhi qism MU'AN'AN) (anana karne waale raawi ke etibaar se ittisaal aur inqitaa' ka hukm lagaaya jaaega, qk kabhi siqah raawi bhi adl aur zabt ke saath mudallis hota hai, iske bawajood uski riwayat li jaati hai aur aisi soorat me an, same'tu wa haddasana ke qaem muqaam hojaaega taaham yahi a'la darje ke alfaaz ki haisiyat rakhte hain) jaise saeed ki karam se an ke zarye riwayat . aur (hadees ki baarwhi qism MUBHAM usko kaha jaaega jis me kisi raawi ka naam zikr na kiya gaya ho.
14. Yaha se silsila ruwaat ke etibaar se hadees ki terhwi qism AALI aur chaudhwi qism NAAZIL har wo hadees jiske raawiyo ki tedaad (awwal e sanad yani imam se shuru hone

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

waala ʻolu ʻolu nasabi hoga) kam ho to wo sanad e aali (nabi ke etibaar se olu mutlaq) hogi aur uske barʼaks yani jiske raawiyo ki tedaad zyada ho to wo sanad martabe me kam hogi.

15.(hadees ki pandhrawi qism MAUQOOF) aur jis qaul aur fel ki nisbat sahaba kiraam ki jaanib ho to wo hadees mauqoof (yani isnaad ko sahabi tak mauqoof karna) hogi.

16.(hadees ki saulhwi qism MURSAL) jis mey sahabiye rasool ka naam (aakhir sanad se) saqit ho. Aur hadees ki sathrawi qism GHAREEB wo hai jisko mahez ek hi raawi riwayat kare.

17.Hadees ki atharwi qism MUNQATEʼ wo hai jiski sanad kisi bhi haalat me muttasil na ho to wo tamaam zaawiyo (yaani pae dar pae ke bajaae sanad ke wast ki mutaʼaddid jagho se jaise sanad ka doosra aur chautha raawi saaqit ho) se munqateʼ ho.

18.(hadees ki unniswi qism MOʼZAL) wo hai jis se 2 raawi (musalsal na ke tafreeq ke saath) saaqit h . Aur hadees ki beeswi qism MUDALLAS) tadlees karne waala 2 tarah se tadlees karta hai:

19.Pahli surat (tadlees taswiyah) ye hoti hai ke wo apne shaikh kw saaqit kardeta hai aur shaikh ke oopar waale raawiyo se (aise alfaaz se zikr kary jin ke zaahir se ittisaal maloom ho) lafz ʻAN aur AN se riwayat karta hai.

20.Aur doosri surat (tadlees shuyookh) ye hoti hai ke wo shaikh ko saaqit nahi karta laikin as ko aisi sifaat se zikr karta hai jo maʼroof nahi hoteey.

21.Aur hadees ki ekkeeswi qism SHAAZ wo hadees jis me siqah raawi ek badi jamat ki mukhalafat kare to wo shaaz hogi. Aur hadees ki baeeswi qism MAQLOOB hai. Maqloob ki 2 qismein hain:

22.Pahli qism me ek raawi doosre raawi se badal diya jaae aur doosri qism me ek matan ki sanad ko doosre matan se badal diya jaae.

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

23. Hadees ki 23wi qism FARD jis ko siqah yani jis ko sirf ek hi siqah raawi riwayat kare ya jama (koi shaher waale,qabeela ya in jaisi ek badi jamat jaise shamiyyeen, kufiyyen waghaira se sirf ek hi fard riwayat kare, is ko fard nasabi kaha jaata hai yani is ki gharabat nasabi hoti hai jo sehhat se qareeb hoti hai aur mukammal gharabat ho to lafz GHAREEB mustamal hota hai ) ya kisi riwayat (as riwayat ko fulaa se sirf ek hi shakhs ne riwayat kiya) pr mahdood wa muqayyad kiya jaae (in teeno aqsaam ko fard nasabi kaha jaata hai)
24. (hadees ki 24wi qism MU'ALLAL/ MA'LOOL) jis hadees ki illat bohat pechida ya makhfi ho to wo muhaddiseen ke nazdeek ma'roof (jis ki tareef muhaddiseen ne bayan kardi) hai.
25. Hadees ki 25wi qism MUZTARIB hai, sanad (jaise baaz muttasil riwayat karein aur baaz munqate') ya matan (jaise baaz marfoo riwayat karein aur baaz mauqoof) ka ekhtilaaf rakhne waali (jis me jama ya tarjeeh ka imkaan no ow aura gr jama aur tarjeeh ka imkaan ho to wo hadees muztarib na hogi) hadees ko ahle fan ke nazdeek muztarib kaha jaata hai.
26. Hadees ki 26wi qism MUDRAJ aur baaz raawiyo ki jaanib se (hadees ki kisi kalme ki tafseer ya kuch aur asbaab ki bina par) hadees ke asal matan (awwal ya wast ya aakhir me wazahat o bayaan ke baghair) me ittisaal ki haalat me darj kiye jaane waale izaafi alfaaz par mushtamil hadees ko MUDRAJ kahte hain.
27. Hadees ki 27wi qism MUDABBAJ, aur jis hadees ko har qareen (qareen ke wasf laana, umar me ek doosre se musawi hone ya ek hi shaikh se riwayat karne me shareek hone ke etebaar se warna riwayatul asaghir anil akabir aur iska aks ya riwayatush shaikh anit tilmeez, riwayatul aabaa anil abnaa, riwayatuz zaujah aniz zauj, is qabeel se nahi) apne qareen bhai se (ek ya ek se zaed ahadees) riwayat kare to is ko mudabbaj kahenge, chunanche is ko achi tarah jaan lo aur isko baaes e fakhar samjho (qk is me ek bhai apne doosre bhai ke saath ehsaan , ta'awun aur akhlaaqi muzahara karta hai). (riwayatul aqraan

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

us hadees ko kahenge jis me aqraan me se ek hi doosre se riwayat kare aur doosra as se riwayat na kare, is liye har riwayat e qiraan mudabbaj no hogi, haa har mudabbaj riwayatul aqraan ho sakti hai)

28. Hadees ki 28wi qism MUTTAFIQ WA MUFTARIQ, ruwaat e ahadees ke naam lafz aur tahreer me muttafiq hote hain taaham hamare zikr karda kalaam me is ke bar'aks in raawiyo ki shakhsiyaat wa zaat alaihada hoti hain. (is qism ka ta'alluq ruwaat se hai jin ky naam to ek jaise hote hain laikin an ki zatein aur shakhsiyaat alaihada)
29. Hadees ki 29wi qism MOTALIF MUKHTALIF, hadees ke raawiyo ke naam mahez tahreer o kitabat me muttaifq ho taham wo nutq waghaira me bohat zyada mukhtalif ho.
30. Hadees ki 30wi qism MUNKAR, wo hadees jis ko ek hi raawi riwayat kare taaham us ko aadil qarar dene se uska tafarrud qabile qabool na hoga.
31. Hadees ki 31wi qism MATROOK, wo jo apni riwayat me munfarid o tanha ho aur jis raawi ke zaeef hone par tamaam muhaddiseen ka ijmaa hai, lehaaza wo mardood hai.
32. Hadees ki 32wi qism MAUZOO, wo hadees jo nabi saw. ke naam par ghadi aur tayyar ki jaae wo mauzoo hai.
33. Ye nazm (suraj, hawa aur ghubaar jaisi chizo se) mahfooz jawahir ki tarah tayyar huwi hai, maine is ko biqooni ka manzoom kalaam ka naam diya hai. (yani apni janib mansoob kiya qk unka naam umar bin Muhammad bin futooh baiqooni dimishqi tha).
34. Is nazm me jumla 34 aqsaam ko zikr kiya gaya hai jo khair o khoobi ke saath paae takmeel ko pahuncha.

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# ABM PRINT TIME'S
## SYLLABUS BOOKS FOR CHILDREN

### ARABIC LANGUAGE & TARBIYAH
**Nursery to Grade 9**




### ISLAMIC STUDIES & TARBIYAH-URDU
**Nursery to Grade 9**



### ISLAMIC STUDIES & TARBIYAH-ENGLISH
**Nursery to Grade 9**



### ISLAMIC STUDIES FOR HOME SCHOOLING
**Series of 10 Books**



ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

Publisher & Printer: ABM Print Time
+91-99890 22928, +91-93909 93901 abm.printtime@gmail.com
23-1-916/B, Moghalpura, Charminar, Hyderabad - 500002, Telangana State, India